F.Y.
March 2018

Reg. No. ......................................

Name ..........................................

142

## Part - III
## URDU (Optional)

Maximum : 80 Scores

Time : 2½ Hours
Cool off time : **15** Minutes

***General Instructions to Candidates :***

- There is a 'Cool off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read the instructions carefully.
- Read the questions carefully before answering.
- Calculations, figures and graphs should be shown in the answer sheet itself.
- Give equations wherever necessary.
- Electronic devices except nonprogrammable calculators are not allowed in the Examination Hall.

☆ 1 سے 5 تک کے تمام سوالوں کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے۔ 5 × 1 = 5

1. ڈرامہ 'دارا شکوہ' کے لیے کوئی دوسرا عنوان تجویز کیجیے۔

2. 'وطن کا لال چلا گیا' یہ کس کا لکھا ہوا مرثیہ ہے؟

3. اپنے پسندیدہ کسی ایک رباعی گو شاعر کا نام لکھیے۔

4. اُردو کے بہت سارے شعراء نے فلموں کے لیے گیت بھی لکھے ہیں۔ ایسے کسی ایک شاعر کا نام لکھیے۔

5. اُردو کا ایک عظیم شاعر؛ شاعرِ مشرق کہلاتا ہے۔ وہ کون ہے؟

☆ 6 سے 11 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم سے کم دو جملوں میں لکھیے۔ 10 = 2 × 5

.6 ترقی پسند تحریک سے متاثر کسی دو شعراء کے نام لکھیے۔

.7 عشق کے موضوع پر بہت سارے شعراء نے غزل لکھی ہے۔ پسندیدہ کوئی ایک عشقیہ شعر لکھیے۔

.8 دیے گئے مصرعوں میں سے ردیف اور قافیہ چن کر لکھیے۔

اسے زندگی کیوں نہ بھاری لگے
جسے یارِ جانی سوں یاری لگے

.9 رباعی اُردو شاعری کی ایک اہم صنف ہے۔ رباعی کی دو خصوصیات لکھیے۔

.10 پریم چند کے اُردو افسانے بہت مشہور ہیں۔ ان کے دو افسانوی مجموعوں کے نام لکھیے۔

.11 دیے گئے جملوں میں سے دو سابقے چن کر لکھیے۔

(a) میری کلغی بے نظیر ، لا جواب، شاندار۔

(b) خوش رہو اہلِ وطن ہم تو سفر کرتے ہیں۔

☆ 12 سے 15 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم سے کم 5 جملوں میں لکھیے۔
15 = 5 × 3

.12 افسانہ 'روشنی' میں منظر نگاری کی خوب صورت مثالیں ہیں۔ آپ کا پسندیدہ منظر کون سا ہے؟
اس منظر پر ایک نوٹ لکھیے۔

.13 اقبال اپنی نظم 'ایک آرزو' میں اپنی خواہشوں کا بیان کر رہا ہے۔ وہ کیا کیا ہیں؟

.14 ''مجھے آرزو تھی کہ میں بڑا ہو کر ان جیسا بن جاؤں۔'' یہ نہرو کے بچپن کی خواہش تھی۔
آپ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

15. مثنوی شاعری کی ایک قدیم صنف ہے۔ مثنوی کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ ایک نوٹ تیار کیجیے۔

☆ 16 سے 22 تک کے سوالوں میں سے کسی 6 کے جواب کم سے کم 6 جملوں میں لکھیے۔

6 × 6 = 36

16. 'داراشکوہ' مغل سلطنت کو موضوع بنا کر لکھا گیا بہترین ڈرامہ ہے۔ اس ڈرامے میں آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟ آپ کیوں اسے پسند کرتے ہیں؟ لکھیے۔

17. یہ قطعہ پڑھ کر اس کا مفہوم لکھیے۔

پانی لے سکتے ہیں دریا سے مگر کوزے میں ہم
بہتے دریا کی روانی بند کر سکتے نہیں
شعر یوں کہنے کو کہہ لیں اختؔر سچ یہ ہے
دل کے محسوسات کو لفظوں میں بھر سکتے نہیں

18. غزل اپنی موسیقیت کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ غزل کی مقبولیت اور خصوصیات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ایک نوٹ تیار کیجیے۔

19. اس رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

کیوں سب کو سنائے حالِ ابتر اپنا
جب اس میں قصور ہو سراسر اپنا
ہم کوستے ہیں عبث مقدّر کو ندیؔم
اعمال سے بنتا ہے مقدّر اپنا

20. منشی پریم چند، کرشن چندر، منٹو وغیرہ مشہور افسانہ نگار ہیں۔ ان کے افسانے آج بھی لوگ بہت پسند کرتے ہیں۔ آپ کا پسندیدہ افسانہ نگار کون ہے؟ ایک نوٹ لکھیے۔

21. مثنوی 'سحر البیان' میں شاعر نے ایک بادشاہ اور اس کے بیٹے کے بارے میں بیان کیا ہے۔ کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

22. 'وطن کا لال چلا گیا' اس مرثیہ میں شاعر گاندھی جی کے بارے میں کہتا ہے کہ زندگی کے دُکھ درد کا علاج چلا گیا، اس دور کے رہنما چلے گئے۔ شاعر نے اور کیا کیا بیان کیا ہے؟

☆ 23 سے 25 تک کے سوالوں میں سے کسی 2 کے جواب کم سے کم 7 جملوں میں لکھیے۔ **2 × 7 = 14**

23. آپ کے اسکول ڈے (school day) کے موقعے پر ایک 'شامِ غزل' منعقد کی گئی ہے۔ اس پروگرام میں غزل پیش کرنے کے لیے کسی ایک غزل گلوکار کو دعوت دیتے ہوئے خط لکھیے۔

24. اُردو ہے جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داؔغ
سارے جہاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے

دنیا بھر میں دھوم مچانے والی اُردو زبان کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ ایک نوٹ تیار کیجیے۔

25. اگر آپ کو ایک ٹی۔وی پروگرام میں شریک ہو کر مشہور شاعر اور گیت کار 'جاوید اخترؔ' سے سوال کرنے کا موقعہ ملے تو آپ کیا کیا سوال کریں گے؟ سات سوال تیار کیجیے۔